سوال

(36) مردے کے نام سے کھانا بنا کر مساکین کو کھلانا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

بعد موت مقررہ دنوں میں مردے کے نام سے کھانا بنا کر مساکین مالدار اور مولویوں کو کھلانا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

مردے کو ثواب پہنچانے کا کھانا وہی ہے۔ جو بغیر فخر وریا کے محض محض مساکین کو کھلایا جائے۔ آجکل جو اس قسم کی دعوتیں ہوتی ہیں۔ وہ محض رسمی ہیں۔ خاص کر علماء کو ایسی دعوتوں میں شریک نہ ہونا چاہیے۔ تاکہ ان رسوم کو لوگ جان کر چھوڑ دیں۔ (25 فروری 16ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 48

محدث فتویٰ